© rasailojaraid.com



بحیثیت مجموعی یہ ایک قابلِ قدر کاوش اور قابلِ تعریف تحقیقی کام ہے۔ مصنف کا ہدف ایک پڑھا لکھا فرد بالخصوص نوجوان ہے۔ انھوں نے استدلال کا پیرایہ اختیار کیا ہے تاکہ فہم و فراست کی دہلیز پر عقائد کے چراغ روشن ہوسکیں۔ تاہم قیمت زیادہ ہے۔(فرید احمد پراچہ)

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلّق مستشرقین کے اعترافات**، تالیف: حمیداللہ خان عزیز۔ ناشر: ادارہ تفہیم الاسلام، احمد پور شرقیہ، ضلع بہاول پور۔ صفحات: ۲۳۰۔ قیمت: درج نہیں۔

یورپ میں مستشرقین نے حضور اکرمؐ کی شخصیت پر گذشتہ دو صدیوں میں خصوصی توجہ دی ہے اور ہر پہلو سے آپؐ کی ذات و صفات کو زیر بحث لاکر نئے نئے نکات پیدا کیے ہیں۔ اُردو زبان میں سر سید احمد خاں نے سیرت النبیؐ پر مغربی مصنفین کے اعتراضات کے مدلل جواب تحریر کیے۔ شبلی نعمانی اور سیّد سلیمان ندوی نے بھی سیرت النبیؐ پر مستشرقین پر گرفت کی ہے۔

زیرنظر کتاب میں مغربی مصنفین کے اعتراضات کے بجاے ان پہلوؤں کو اُجاگر کیا گیا جس میں انھوں نے حضور اکرمؐ کی تعریف و تحسین کی ہے اور آپؐ کے کمالات کا اعتراف کیا ہے۔ مؤلف نے یہ کتاب رسولؐ اللہ کے تقدس اور ان کی عظمت کی بلندی کے لیے تحریر کی ہے۔

کتاب چھے ابواب پر مشتمل ہے۔ پہلا باب: سیرتِ محسنِ اعظمؐ اور اہلِ عرب، دوسرا باب: محسنِ اعظمؐ کے بارے میں مغرب کے معاندانہ رویے، تیسرا باب: حضور اکرمؐ کی تعلیمات اور مذہب عیسائیت کا تقابلی مطالعہ، چوتھا باب: اسلام اور عیسائیت میں مذہبی رواداری کا تقابلی جائزہ، پانچواں باب: مغرب کی انکویزیشن (تعذیب و مظالم) کے ظالمانہ عمل کا فتح مکہ کے حوالے سے حضور اکرمؐ کے عفو و درگزر سے موازنہ۔ چھٹا باب: حضور اکرمؐ کے متعلّق مستشرقین کے اعترافات۔

کتاب میں سیرت النبیؐ پر مغربی مصنفین کی کتب سے اقتباسات مع ترجمہ بھی شامل ہیں۔ جارج برنارڈ شا کا یہ اعتراف لائقِ مطالعہ ہے کہ ''میں نے محمدؐ کے دین کے متعلّق پیش گوئی کی ہے کہ کل یورپ اسے اسی طرح قبول کرے گا جیسے آج کے یورپ نے اسے (غیر شعوری طور پر) اپنانا شروع کر دیا ہے'' (ص ۱۶۷)۔ ان کا یہ قول بھی یورپی طرزِ فکر کی نقاب کشائی کرتا ہے: ''زمانہ وسطیٰ کے پادریوں نے جہالت یا اندھے مذہبی تعصب کی وجہ سے محمدؐ کے لائے ہوئے دین کو انتہائی گھناؤنی شکل میں پیش کیا ہے''۔

© rasailojaraid.com